Cell : 0336-3614559
0311-4394290

SAIF UDDIN KHALID

MEMBER PROVINCIAL ASSEMBLY
SINDH PS -94, MEMBER STANDING
COMMITTEE FOR TRANSPORT
GOVERNMENT OF SINDH

No.01/01-04-2018

قابل احترام سیکریڑی الیکشن کمیشن آف پاکستان

السلام علیکم!

حکومت پاکستان کی ہدایت کی روشنی میں قومی وصوبائی اسمبلیوں کی نئی حلقہ بندیاں کی گئیں جس کے مطابق صوبہ سندھ کے شہر کراچی کے ضلع ویسٹ کی حدود بندی بھی کی گئی۔ جس میں حلقہ بندیوں کے حوالے سے مختلف النوع قسم کے درپیش مسائل سامنے آئے۔ قوانین کے مطابق اعتراضات داخل کرنے کا طریقہ کار طے کیا گیا جسکے کے مطابق ایک ووٹرز صرف اپنے اندارج ووٹرز والے حلقہ سے اعتراضات جمع کرواسکتا ہے۔ جسکے کے مطابق میں نے اپنے رہائشی اندارج حلقہ ووٹرز والے علاقے قومی اسمبلی NA 251 کے حلقہ بندیوں کا بغور مطالعہ کیا جس کے مطابق جغرافیائی حدود بندی، عدل وانصاف، کو عوام الناس کی ضروری بنیادی مسائل کی فراہمی، منتخب نمائندے کی استطاعت، سرحدی حددود بندی جیسے عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے بحیثیت ووٹرز اس حلقے سے چند اعتراضات جمع کروارہاہوں مجھے امید ہے میری درخواست کو قبول کرتے ہوئے میری دی گئی تجاویز کو اس حلقہ کی عوام کو ہر طرح کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے قبول کرینگے اور مثبت فیصلہ دینگے اور مجھے شکریہ کا موقع دینگے۔

(قومی اسمبلی کے کے حلقہ 251 کے لیئے اعتراضات وتجاویز)

حلقہ 251 قومی اسمبلی کو ٹوٹل آبادی 766724 ہے اسکے حدود اور سرحدی علاقے سے منسلک ایک آبادی جسکا چارج (12) یوسی نمبر 11 سب ڈویژن اورنگی ٹاؤن زون) ہے یہ علاقہ (چارج 12) کو قومی اسمبلی کے حلقہ 250 میں شامل کرلیا گیا ہے جس سے یہاں کے عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ میرا اعتراض یہ ہے کہ چارج نمبر 12 جسکی آبادی 70117 ہے اس چارج کو قومی اسمبلی حلقہ نمبر 251 میں شامل کیا جائے اس چارج کی ردوبدل سے مردم شماری کے کسی قسم کی قوانین کی خلاف ورزی نہیں ہوگی اور یہ چارج اپنے درست مقام پر پہنچ جائیگا۔ اسی طرح جناب عالی قومی اسمبلی حلقہ نمبر 251 کا چارج نمبر 17 (سب ڈویژن مومن آباد) جس کی آبادی 18943 ہے جس کے دائیں اور بائیں کے چارج نمبر 15 اور 16 قومی اسمبلی کے حلقہ 252 میں شامل ہے اور درمیان سے چارج نمبر 17 کو 251 NA میں شامل کیا گیا ہے جس سے مختلف النوع قسم کے مسائل درپیش رہینگے۔ تجویز یہ ہے کہ چارج نمبر 17 سب ڈویژن مومن آباد کو بھی اس کے اصل سرحدی حددود چارج نمبر 15 اور 16 کی طرح قومی اسمبلی کے حلقہ 252 میں شامل کردیا جائے تو مناسب رہیگا اس طرح ترتیب درجہ ذیل یہ ہے۔

قومی اسمبلی حلقہ نمبر	مردم شماری کے تحت ٹوٹل آبادی	تجویز کردہ نکالی گئی آبادی	تجویز کردہ جمع کی گئی آبادی	اس طرح کل آبادی نوعیت
250	821972	70177	NIL	751815
251	766724	18943	70177 ~~70177~~	817898 ~~817958~~
252	758107	NIL	18943	777050

مجھے امید ہے کہ میرے ان تجاویز پر مثبت فیصلہ صادر فرمایا جائیگا۔ شکریہ

نام: سیف الدین خالد ولد اکرام الدین شناختی کارڈ نمبر 42401-8390150-3

رہائشی علاقہ: یوسی نمبر 19 (چارج 26-25-18-12-11) سب ڈویژن مومن آباد کراچی ویسٹ۔

مکان نمبر 316 بلاک این چشتی نگر سیکٹر 1/2 11 اورنگی ٹاؤن ضلع ویسٹ کراچی۔ قومی اسمبلی حلقہ نمبر 251

شماریاتی بلاک نمبر 438/8030/
سلسلہ نمبر 155

دستخط درخواست دہندہ: ____________